# 09-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔حیدرآباد کے بھارت فیوچر سٹی میں منعقدہ عالمی سطح کی کانفرنس میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں اب سے کچھ ہی دیر میں تلنگانہ رائزنگ 2047ء ڈاکومنٹ کی اجرائی۔

۲۔سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے مقصد سے منعقدہ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں اندرون دو یوم پانچ اعشاریہ چار لاکھ کروڑ کی سرمایہ کاری کے معاہدہ طئے پائے ہیں۔

۳۔کشن ریڈی نے کہا ریاست میں اپوزیشن کی آواز کو دبانے بی آر ایس کی طرح کانگریس کا بھی رویہ۔

۴۔بی آر ایس کارگزار صدر تارک راما راؤ کا تلنگانہ تحریک کے نتیجہ میں ریاست کی تشکیل کے پہلے قدم 9 دسمبر کو وجئے دیوس کے طور پر اعلان کرنے کا مطالبہ۔

telangana global summit

ریاستی حکومت کی جانب سے بھارت فیوچر سٹی میں باوقار طور پر منعقدہ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے موقع پر اب سے کچھ ہی دیر میں تلنگانہ رائزنگ 2047ء ویژن ڈاکومنٹ حکومت کی جانب سے جاری کیا جائے گا۔اس سمٹ کے دوران دو دنوں تک مختلف امور پر مذاکرات جاری ہیں۔خاص طور پر سیاحت، بنیادی سہولیات میں اضافہ،ٹرانسپورٹ،اسپورٹس،فلم جیسے مختلف شعبوں کی اہم شخصیات اِن سیشنس میں حصہ لے رہی ہیں۔فیوچر۔ریڈی ٹوریزم کے زیرعنوان منعقدہ سیشن میں ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ ہاسپٹالیٹی شعبہ کی اہم شخصیات اور صنعتکاروں نے حصہ لیا۔اسی طرح ریاست میں سڑکوں کی توسیع اور مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے بیرونی مندوبین کو تفصیلات سے واقف کروایا۔ایک اور سیشن میں ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے حصہ لیا جس میں شہروں اور دیہی علاقوں میں آمد و رفت سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔

Global Summit Wakati

ریاستی وزیر اسپورٹس واکاٹی شری ہری نے بتایا کہ سال 2036ء کے اولمپک سمیت بین الاقوامی سطح کے مقابلوں میں تلنگانہ کے کھلاڑیوں کی نمائندگی میں اضافہ کے مقصد سے ریاست میں اسپورٹس پالیسی پر عمل آوری کی جارہی ہے۔ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے دوسرے دن منعقدہ اولمپک گولڈ کویسٹ اجلاس میں ریاستی وزیر نے خطاب کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ینگ انڈیا فزیکل ایجوکیشن اسپورٹس یونیورسٹی ، ینگ انڈیا اسپورٹس اتھاریٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ تلنگانہ اسپورٹس اتھاریٹی کے زیر اہتمام اسکولی سطح سے ہی کھیلوں کی حوصلہ افزائی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ایک ہزار ایکڑ پر سٹلائیٹ اسپورٹس سٹی کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔

First Day

تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے پہلے دن تلنگانہ حکومت کی جانب سے تقریباً 2.43 لاکھ کروڑ کی سرمایہ کاری سے متعلق 35 مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ ریاستی حکومت کے مطابق باوقار تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے پہلے دن چیف منسٹر ریونت ریڈی اور وزیر صنعت سریدھر بابو کی قیادت میں ڈیپ ڈیک گرین انرجی ، ایرواسپیس جیسے مختلف شعبوں سے متعلق یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے گئے۔ ریاستی حکام کے مطابق بروک فیلڈ ، ایکسیس وینچر پرائیوٹ لمیٹڈ کنسارٹیم کے ساتھ ڈیپ ٹیک ، بنیادی سہولیات کے شعبہ میں 75 ہزار کروڑ کی سرمایہ کاری کی تجاویز حاصل ہوئی ہیں۔ یہ فنڈس بھارت فیوچر سٹی کی ترقی میں استعمال کئے جائیں گے۔

Bhatti Vikramarka

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ سرمایہ کاری کے ساتھ اختراعات کے ذریعہ ہی تین ٹرلین ڈالر کی معیشت کا نشانہ ممکن ہوگا۔ گلوبل سمٹ کے دوران آج تین ٹرلین ڈالر کی معیشت کیلئے سرمایہ کاری

سے متعلق موضوع پر منعقدہ مذاکرات میں انہوں نے حصہ لیا۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ اس مقصد کے حصول کیلئے 16 گنا معاشی ترقی حاصل کرنی ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں ویژن ڈاکومنٹ کیور، پیور، ریر جیسی حکمت عملی کی تجویز رکھی گئی ہے۔

Telangana Talli

تلنگانہ تلی یوم تاسیس کے موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ریاست کے تمام کلکٹریٹس میں تلنگانہ تلی کے مجسموں کی نقاب کشائی انجام دی۔ بھارت فیوچر سٹی میں منعقدہ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کی شہ نشین سے انہوں نے ورچول طریقہ سے نقاب کشائی کی رسم انجام دی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ عوام کی توقعات کے مطابق یو پی اے حکومت نے 9 دسمبر کو علیحدہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کا اعلان کیا جس سے ریاست کے عوام کو خوشی حاصل ہوئی اور ان کی عزتِ نفس کا خیال رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال اس دن یوم تاسیس تلنگانہ تقاریب منائی جارہی ہے۔ گزشتہ سال اسی دن تلنگانہ حکومت نے ریاستی سکریٹریٹ میں تلنگانہ کے مجسمہ کی تنصیب کو یقینی بنایا۔

Sound Byte

قبل ازیں چیف منسٹر بذریعہ ہیلی کاپٹر فیوچر سٹی پہنچے۔ ریاست کے 33 ضلع کلکٹریٹس کے احاطہ میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی تنصیب کیلئے جملہ پانچ کروڑ 80 لاکھ روپے حکومت نے منظور کیئے۔

Komatt Reddy Venkatt reddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کی تاریخ میں پہلی مرتبہ روڈ سیکٹر پالیسی لائی گئی ہے اور یہ رائزنگ تلنگانہ روڈ ڈیولپمنٹ پروگرام کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کنکٹیڈ تلنگانہ اینٹی گریٹیڈ ٹرانسپورٹ، اربن رورل کنکٹی ویٹی کے زیر عنوان گلوبل سمٹ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عصری ڈرائی پورٹ ریاست میں قائم کیئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو طاقتور معاشی مرکز میں تبدیل کرنے کے لئے یہ انتہائی اہم ہے۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ہر خاندان کیلئے معیاری ذاتی مکان کی سہولت فراہم کرنا حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے آفرڈ بل ہاؤزنگ پالیسی فار اربن فیوچر کے زیرعنوان منعقدہ اجلاس میں کلیدی خطبہ دیا۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ ریاست میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ اندراماں مکانات کی تعمیر ہورہی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ہاؤزنگ بورڈ، راجیوسواگروہا کارپوریشن کے ذریعہ تقریباً ایک لاکھ مکانات تعمیر کروائے جارہے ہیں۔

Election

تلنگانہ میں اس مہینہ کی گیارہ، چودہ اورسترہ تاریخ کوتین مرحلوں میں ہونے والے انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن کی جانب سے انتظامات کئے جارہے ہیں۔الیکشن کمیشن کے حکام کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق تین مرحلوں کے تحت پنچایت انتخابات میں ریاست بھرمیں جملہ ایک کروڑ66لاکھ 48ہزار 496رائے دہندے حق رائے دہی کیلئے اہل ہیں۔ان میں سے 81لاکھ 38ہزار 937مرداور85لاکھ ہزار 9ہزار 59 خواتین کے علاوہ دیگر 500 شامل ہیں۔پنچایت انتخابات کی پولنگ کیلئے ریاست بھر میں ایک لاکھ 12ہزار382 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

Investment

عہدیداروں کے مطابق کل سے حیدرآباد کے فیوچرسٹی میں جاری تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے دوران بڑے پیانے پر سرمایہ کاری ہوئی ہے۔ان دودنوں میں آج دوپہر تک تقریباً 5.4لاکھ کروڑ کی سرمایہ کاری کی گئی۔کل پہلے دن جملہ 2.43 لاکھ کروڑ کے معاہدے مختلف عالمی سطحوں کے اداروں کے ساتھ کئے گئے۔آخری اطلاعات ملنے تک تقریباً3 لاکھ کروڑ کے معاہدے حکومت کی جانب سے کئے گئے ہیں۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں حکمراں جماعت کا رویہ اپوزیشن کی آواز کو دبانے جیسا ہے۔انہوں نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ سابق میں بی آر ایس اور اب کانگریس وہی رویہ اختیار کئے ہوئے ہے۔انہوں نے آدھی رات کو بی جے پی سوشیل میڈیا کے ذمہ دار کی گرفتاری کی مذمت کی۔انہوں نے سوال کیا کہ اس طرح کی گرفتاریاں شفافیت میں کیسے اضافہ ہوگا اور یہ معلوم ہونے پر سرمایہ کار کیسے سامنے آئیں گے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ تحریک کے نتیجہ میں ریاست کی تشکیل کیلئے راہیں ہموار ہونے کا پہلا قدم یعنی 9 دسمبر وجئے دیوس ہے۔انہوں نے وجئے دیوس کے موقع پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کے سی آر کی بھوک ہڑتال کی تصاویر شیئر کی۔انہوں نے کہا کہ جہد مسلسل،شہدا کی قربانیوں اور کے سی آر کی غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کے نتیجہ میں تشکیل تلنگانہ کے عمل کا آغاز ہوا۔

Mahalakshmi Scheme

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے مہالکشمی اسکیم کے ذریعہ خواتین کو بسوں میں مفت سفر کی سہولت کی فراہمی کے دوسال کی تکمیل کے موقع پر خواتین کو مبارکباد پیش کی۔انہوں نے بتایا کہ ابھی تک 251 کروڑ خواتین نے بسوں میں مفت سفر کیا ہے۔

Sonia Gandhi

حیدرآباد میں وزرائے کے قیام گاہوں کے احاطہ میں صدر کانگریس سونیا گاندھی کی سالگرہ تقاریب کا انعقاد عمل میں آیا۔اس موقع پر ریاستی وزرائے پونم پربھاکر، وی سری ہری اور دوسروں نے کیک کاٹا۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں اگلے تین تا چار دنوں تک اقل ترین درجہ حرارت میں معمول سے تین تا چار ڈگری کمی ہوگی۔ عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اضلاع میں دو دنوں تک شدید سردی کی لہر جاری رہے گی۔ان اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

IndiGo

انڈیگو طیاروں کی خدمات کا بحران جاری ہے۔آج شمس آباد ایرپورٹ آنے والے 14 اور یہاں سے پرواز کرنے والے 44 طیاروں کو منسوخ کردیا گیا جس کی وجہ سے مسافرین مشکلات کا شکار رہے۔ وشاکھاپٹنم سے بنگلور اور حیدرآباد جانے والی چھ پروازوں کو بھی منسوخ کیا گیا۔انڈیگو بحران کے پیش نظر مسافرین کیلئے متبادل انتظامات کئے جارہے ہیں۔اسپائس جیٹ فضائی کمپنی نے ملک گیر سطح پر سوزائد پروازوں کی خدمات دستیاب کروائی ہے۔

IAS

مرکزی حکومت کی جانب سے 2024ء بیچ کے منتخب 179 عہدیداروں میں سے پانچ کی خدمات تلنگانہ کیلئے مختص کی گئی ہیں۔ان میں دو تلنگانہ ایک آندھراپردیش اور دیگر کا تعلق کرناٹک اور بہار سے ہے۔ ریاست کیلئے مختص کرنے والوں میں سائی شیوانی، پوتو راجو ہری پرساد، پی سریش، سچن بسواراج گٹو راور پارس کمار شامل ہیں۔

〇〇